اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا ۸۴ واں سالانہ اجلاسِ عام بروز ہفتہ ۱۵ اپریل ۲۰۱۷ء کو صبح ۱۰:۳۰ بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع کامران سینٹر، پہلی منزل، ۸۵ ایسٹ، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں مندرجہ ذیل کارروائی کے لئے منعقد کیا جا رہا ہے۔

ا) عمومی کارروائی

۱۔ ۸۳ ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ ۲ اپریل ۲۰۱۶ء کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۶ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی حسابات کی وصولی، ان پر غور وخوض اور ان کی منظوری مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس۔

۳۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۶ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تجویز کردہ ۷ روپے فی شیئر کے حساب سے حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کی منظوری اور مزید برآں ۳۰ فیصد عبوری نقد منافع منقسمہ کی منظوری جو شیئر ہولڈرز کو پہلے سے ادا کیا جا چکا ہے۔

۴۔ سال ۲۰۱۷ء کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور اِن کے معاوضے کا تعین۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز ای وائی فورڈ رہوڈز چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے ۵ سال مکمل کر چکے ہیں اور اب مزید تقرری کیلئے اہل نہیں رہے ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سال ۲۰۱۷ء کیلئے میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی تقرری کیلئے سفارش کی ہے جنہوں نے بحیثیت آڈیٹرز کام کرنے کیلئے اپنے ارادے کا اظہار کیا تھا۔

ب) خصوصی کارروائی

۵۔ مندرجہ ذیل عمومی قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کی معہ یا بغیر ترمیم کے ساتھ منظوری۔

''قرار پایا کہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ کمپنی کے ممبران کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ایس آر او نمبر ۴۷۰ (ا)/ ۲۰۱۶ مورخہ ۳۱ مئی ۲۰۱۶ء کی شرائط کے تحت ۳۱ دسمبر ۲۰۱۷ء کو ختم ہونے والے سال سے ہارڈ کاپیوں کی صورت میں ارسال کے بجائے اسے سافٹ شکل یعنی بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی ارسال کیا جائے اور ذریعہ ہٰذا اس کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو اپنی انفرادی حیثیت میں اختیار دیا جائے اور ذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس قرارداد پر عمل درآمد کے سلسلے میں وہ تمام اقدامات، معاہدے اور کارروائیاں کریں جو اس سلسلے میں ضروری یا درکار ہوں اور ایسے تمام دستاویزات پر دستخط کریں اور وقتاً فوقتاً وہ ایسے اقدامات کریں جب اور جہاں وہ اس قرارداد پر عملدرآمد کے مقاصد کیلئے ضروری ہوں۔''

۶۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

اجلاس ہٰذا کے نوٹس کے ساتھ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ 160(1)(b) کے تحت منسلکہ ایک بیان ممبران کو ارسال کیا جا رہا ہے:

ا) نوٹس کے آئٹم نمبر ۵ میں شامل قراردادوں سے متعلق تمام ضروری حقائق۔

ب) منسلکہ کمپنی میں سرمایہ کاری کی سابق منظوری کی حیثیت۔

حسب الحکم بورڈ

الطاف قمرالدین گوکل

کراچی: ۱۴ فروری ۲۰۱۷ چیف فنانشل آفیسر و کارپوریٹ سیکریٹری

نوٹس:

۱۔ ہر وہ ممبر جسے اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے وہ اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے ممبر کو پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کا فارم اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازماً جمع کرادیا جائے۔

۲۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی درج ذیل رہنما ہدایات پر عمل کریں۔

الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:

i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق درج کی گئی ہیں انہیں اپنی شناخت کیلئے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوں گے (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہوں)۔

ب) پراکسیز کے تقرر کیلئے:

i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق درج کی گئی ہوں۔ انہیں پراکسی فارم درج بالا شرائط کے مطابق جمع کرانا ہوگا۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہیئے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج کئے جائیں۔

iii) بینی فیشل اونرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں۔

iv) پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنا ہوں گے (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہوں)۔

۳۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۸ اپریل ۲۰۱۷ء تا ۱۵ اپریل ۲۰۱۷ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو باقاعدہ مکمل صورت میں ۷ اپریل ۲۰۱۷ء کو اوقات کار کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ڈاگیا ہاؤس، ۲۴۱۔سی، بلاک۔۲، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، آف شاہراہِ قائدین، کراچی کو وصول ہوجائیں گے انہیں اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کی غرض سے اور منافع منقسمہ کے استحقاق کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

۴۔ ممبران سے درخواست ہے کہ جن ممبران کے اکاؤنٹس سی ڈی سی بک انٹری سیکیوریٹیز میں ہیں وہ متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپینٹس کو اور فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل کے مطابق مطلع کریں/ دستاویز جمع کرائیں اگر یہ پہلے فراہم نہ کی گئی ہوں/ مطلع نہ کیا گیا ہو:

اے)   ان کے پتوں میں تبدیلی

بی)   انفرادی اشخاص کی صورت میں کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) اور انفرادی شخص اور کارپوریٹ اداروں دونوں کے لئے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی کارآمد اور درست نقول۔

۵۔ سالانہ مالیاتی حسابات اور نوٹسز کی الیکٹرانک ترسیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ایس آر او ۷۸۷(۱)/۲۰۱۴ مورخہ ۸ ستمبر ۲۰۱۴ء کے ذریعے جاری کیا ہے کہ کمپنی کے ممبران کو سالانہ مالیاتی حسابات اور نوٹسز بذریعہ الیکٹرانک ڈاک سسٹم (ای میل) وصول کرنے کی سہولت فراہم کی جائے۔ ہم بمسرت اپنے ان ممبران کو اس سہولت کی پیشکش کرتے ہیں جو آئندہ کمپنی کے سالانہ مالیاتی حسابات اور نوٹسز ای میل کے ذریعے وصول کرنے کے خواہشمند ہیں۔ اس سلسلے میں ممبران سے بذریعہ ہٰذا درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ارادے کی اطلاع کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.efuinsurance.com پر دستیاب ایک اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر بذریعہ ای میل فراہم کردیں۔ برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کا ای میل اسی ای میل کی وصولی کیلئے مناسب رائٹس اور جگہ کی دستیابی کا حامل ہو جو سائز میں ایک ایم بی فائل سے زائد ہو سکتی ہے۔ مزید براں یہ ممبر کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ ای میل پتے میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں شیئر رجسٹرار کو بروقت آگاہ کردے۔

۶۔ منافع منقسمہ (اختیاری)/ای۔منافع منقسمہ کیلئے مینڈیٹ

کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ ۲۵۰ کے تحت شیئر ہولڈرز اگر چاہیں تو اپنے نقد منافع منقسمہ کے وارنٹس بینک مینڈیٹ کے ذریعے براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹس میں جمع کرانے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔ فزیکل شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز کمپنی کو اپنے منافع منقسمہ کے وارنٹس براہِ راست اپنے بینک میں جمع کرانے کی درخواست کر سکتے ہیں اور اس کیلئے انہیں سالانہ رپورٹ کے آخر میں دیئے گئے بینک مینڈیٹ فارم پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درخواستیں جمع کرانی ہوں گی۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کیلئے ضروری ہے کہ وہ بینک مینڈیٹ کے ریکارڈ کیلئے اپنے پارٹیسپینٹس/ بروکرز/ انویسٹرز اکاؤنٹ سروسز ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر ۱۸ مورخہ ۵ جون ۲۰۱۲ء اور اس کے نوٹس نمبر 8(4)SM/CDC 2008 مورخہ ۵ اپریل ۲۰۱۳ء کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونکی ادائیگی کیلئے ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فراہمی کیلئے حوصلہ افزائی کریں تاکہ منافع منقسمہ کی ادائیگی کا عمل مزید مستعد و بروقت ہو سکے اور کمپنی اس سہولت کو مرحلہ وار طریقے پر فراہم کرنے کیلئے ضروری انتظامات کر رہی ہے۔

۷۔ کارآمد سی این آئی سی کا جمع کرانا (لازمی)

ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق ان شیئر ہولڈرز کے منافع منقسمہ کے وارنٹس جن کے کارآمد سی این آئی سیز شیئر ہولڈرز کے پاس دستیاب نہیں ہیں، روک لئے جا سکتے ہیں۔ لہٰذا فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل تمام شیئر ہولڈرز کو ہدایت دی جاتی ہے کہ اگر انہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد سی این آئی سیز کی فوٹو کاپی جمع نہیں کرائی ہے تو اسے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل پتے پر میسرز ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ڈاگیا ہاؤس، ۲۴۱۔سی، بلاک۔۲، پی ای سی ایچ ایس، آف شاہراہِ قائدین، کراچی کو مزید کسی تاخیر کے فوری جمع کرادیں۔

۸۔ منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

ایس ای سی پی کی ہدایات بمطابق سرکلر نمبر ۲۰۱۴/۱۹ مورخہ ۲۴ اکتوبر ۲۰۱۴ء کے تحت ایس ای سی پی نے تمام کمپنیوں کو احکامات جاری کئے تھے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ ۱۵۰ میں کی گئی تبدیلیوں کے بارے میں آگاہ کریں۔ ہم بذریعہ ہذا شیئر ہولڈرز کو درج ذیل کے مطابق آگاہ کررہے ہیں:

(i) حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ ۲۰۱۶ کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی دفعہ ۱۵۰ میں چند ترامیم کی تھیں جن کے ذریعے کمپنیز کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کیلئے مختلف ریٹس مقرر کئے گئے ہیں یہ ٹیکس ریٹس درج ذیل کے مطابق ہیں:

اے۔ انکم ٹیکس گوشواروں کے فائلرز کے لئے ۱۲ء۵ فیصد

بی۔ انکم ٹیکس گوشواروں کے نان۔فائلرز کے لئے ۲۰ فیصد

کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی رقم پر ٹیکس کی کٹوتی ۲۰ فیصد کی بجائے بشرح ۱۲ء۵ فیصد کی شرح سے کٹوتی کرنے کا اہل بنانے کیلئے وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام فائلرز ہونے کے باوجود ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہیں ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل اے ٹی ایل پر اپنے ناموں کی موجودگی کو یقینی بنائیں بصورتِ دیگران کے منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی ۱۲ء۵ فیصد کے بجائے ۲۰ فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

(ii) شیئرز کے دو یا زائد شیئر ہولڈرز کے نام پر رجسٹرڈ ہونے کی صورت میں ہر ایک جوائنٹ ہولڈر کو انفرادی طور پر بحیثیت ایک فائلر یا نان۔فائلر تصور کیا جائے گا اور کمپنی کی جانب سے ٹیکس کی کٹوتی ہر ایک جوائنٹ ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر کی جائے گی جیسا کہ وہ تحریری طور پر کمپنی کو اطلاع دیں گے۔ لہذا جوائنٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈنگ کی تفصیل جمع کرائیں بصورتِ دیگر ہر ایک جوائنٹ ہولڈر کے بارے میں یہ تصور کرلیا جائے گا کہ وہ شیئر کی مساوی تعداد کا حامل ہو۔

(iii) کسی استفسار/مسئلے/معلومات کیلئے انویسٹرز کمپنی اور/یا شیئر ہولڈرز سے درج ذیل فون نمبروں اور ای میل پتوں پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ کمپنی سیکریٹری کا رابطہ نمبر 021-32313471-90 اور ای میل altaf.gokal@efuinsurance.com ہے جبکہ شیئر رجسٹرار ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رابطہ نمبر 021-34391316-7&19 اور ای میل mail@ttpl.com.pk ہے۔

(iv) سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے ساتھ اپ ڈیٹ کریں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس، جو بھی صورت ہو، کو ارسال کرتے وقت کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز کا اندراج لازماً کریں۔

خصوصی امور کے بارے میں کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ ۱۶۰ کے تحت اسٹیٹمنٹ:

اس اسٹیٹمنٹ میں کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ ۱۵ اپریل ۲۰۱۷ء میں انجام دیئے جانے والے خصوصی امور سے متعلق ضروری حقائق درج کیئے گئے ہیں۔

سالانہ رپورٹس کے آئٹم نمبر ۵ کی ترسیل بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کی جائے گی۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ایس آر او ۴۷۰ (۱)/ ۲۰۱۶ مورخہ ۳۱ مئی ۲۰۱۶ء کے تحت کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ رپورٹس بشمول سالانہ آڈٹ شدہ حسابات، سالانہ اجلاس عام کی اطلاعات اور کمپنی کے بارے میں دیگر معلومات اپنے ممبران کو سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے ارسال کرسکتی ہیں جو سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی اجازت سے مشروط ہے۔

شیئر ہولڈرز کی منظوری کے بعد کمپنی اپنی ویب سائٹ پر ایک اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم فراہم کردے گی جس کے ذریعے وہ دستاویزات کی ہارڈ کاپیوں کی اپنی ضرورت بشمول کمپنی سیکریٹری/شیئر رجسٹرار کے ڈاک، ای میل ایڈریس کے سلسلے میں رابطہ کرسکیں گے تاکہ ایسی درخواستیں ارسال کی جاسکیں۔ کمپنی شیئر ہولڈرز کو مذکورہ دستاویزات کی ہارڈ کاپیاں ان کے طلب کرنے پر درخواست دیئے جانے کے ایک ہفتے کے اندر بلا قیمت فراہم کردے گی۔

اس کے مطابق ڈائریکٹرز نے شیئر ہولڈرز کی منظوری کیلئے یہ معاملہ اس کے سامنے پیش کیا اور عمومی قرارداد منظور کرنی ہے جیسا کہ اطلاع اجلاس میں تجویز دی گئی ہے۔ یہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مذکورہ بالا نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کے ضمن میں ہے اور ڈائریکٹرز و شیئر ہولڈرز کی اس امر میں دلچسپی بطور ڈائریکٹرز اور شیئر ہولڈرز ہے۔

منسلکہ کمپنی میں سرمایہ کاری کیلئے سابق منظوری کا اسٹیٹس

جیسا کہ ایس آر او ۲۷(۱)/۲۰۱۲ مورخہ ۱۶ جنوری ۲۰۱۲ء کی شق ۴ (۲) کے تحت ضروری ہے، ہماری منسلکہ کمپنی ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کا اسٹیٹس برخلاف سالانہ اجلاس عام منعقدہ ۵ اپریل ۲۰۱۴ء میں کمپنی کی جانب سے حاصل کردہ منظوری برائے ۲ سال اور اس میں سالانہ اجلاس عام منعقدہ ۲ اپریل ۲۰۱۶ء میں ایک خصوصی قرارداد کے ذریعے مزید ۳ سال کیلئے توسیع درج ذیل کے مطابق ہے:

اے) مجموعی منظور کردہ سرمایہ کاری:

سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ ۵ اپریل ۲۰۱۴ء میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور کردہ ۱۰۰ ملین روپے کی دو سال کی مدت میں سرمایہ کاری کی جائے گی جس میں ۲ اپریل ۲۰۱۶ء کو ایک خصوصی قرارداد کے ذریعے دوبارہ کارآمد بناتے ہوئے سرمایہ کاری کی مدت میں اگلے ۳ سال کی توسیع کردی گئی ہے۔

بی) اب تک کی جانے والی سرمایہ کاری کی رقم:

۲۱ء۵۲ ملین روپے

سی) اب تک مکمل سرمایہ کاری نہ کیئے جانے کے اسباب یہ ہیں کہ اس پر مقررہ مدت میں عمل درآمد کیلئے قرارداد درکار ہے۔

وہ مدت جس میں سرمایہ کاری کرنی ہے، جیسا کہ شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظوری دی گئی ہے، ۴ اپریل ۲۰۱۹ء تک کی ہے۔

ڈی) اور منسلکہ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ کے مالیاتی حسابات میں ایسی کمپنی میں سرمایہ کاری کی منظوری کیلئے پاس کی گئی قرارداد کی تاریخ سے کوئی ضروری تبدیلی ہوئی۔

۵ اپریل ۲۰۱۴ء کو کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے ابتدائی قرارداد منظور کرنے کی تاریخ سے انویسٹی کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی ریزروز میں اضافے اور ۶۶۰،۱ ملین روپے کے غیر مختص شدہ منافع جات کے باعث ۵۳۳،۲ ملین روپے سے بڑھ کر ۱۹۳،۴ ملین روپے ہو چکی ہے۔